# نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

**Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com**

**www.facebook.com/AgriDepartment**


## پریس ریلیز

**محکمہ زراعت پنجاب نے کماد کی سفید مکھی کے تدارک کیلئے ایڈوائزری جاری کردی**

لاہور:**12** اگست**2026**: ایڈوائزری میں کہا گیا ہے کہ کماد کی سفید مکھی کپاس کی سفید مکھی سے قدرے مختلف ہوتی ہے۔کاشتکار حملہ شدہ پتوں پر پیلے رنگ کے لمبوترے پیوپے کافی تعداد میں نظر آتے ہیں جو پتوں سے چمٹے رہتے ہیں۔کاشتکار حملہ شدہ پتوں کو غور سے دیکھیں تو بالغ سفید مکھیاں اُڑتی ہوئی یا پتوں پر بیٹھی نظر آئیں گی۔اس مکھی کے بچے پتوں کے رس چوس کر نقصان پہنچاتے ہیں۔شدید حملہ کی صورت میں پتے پیلے ہو کر خشک ہو جاتے ہیں جس سے معیار اور پیداوار متاثر ہوتے ہیں۔کاشتکار اس کے تدارک کیلئے حملہ تھوڑی جگہ پر ہو تو پتوں کو کاٹ کر زمین میں دبا دیں۔کھوری کو ہرگز نہ جلائیں تاکہ مفید کیڑے محفوظ رہیں۔کیمیائی انسداد کیلئے کاشتکار محکمہ زراعت توسیع یا پیسٹ وارننگ کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے سپرے کریں۔

(ترجمان محکمہ زراعت پنجاب)

☆☆☆☆